# جمع : ۲۰ تک کی

ہم چھوٹے عددوں کی جمع سیکھ چکے ہیں۔ اب مزید جمع سیکھیں گے۔





۵ + ۴ = ۹





۸ + ۵ = ☐





۱۰ + ۳ = ۱۳




۱۳ + ۲ = ☐

## جمع کی کہانی



ایک بار ایسا ہوا کہ شاہد گھر میں کہانی کی کتاب پڑھ رہا تھا۔ اچانک ابّا گھر آئے۔ شاہد کو کتاب پڑھتا دیکھ کر وہ بہت خوش ہوئے۔ انھوں نے شاہد کو قریب بلایا۔ شاہد نے ابّا سے کہا، ''ابّا، میں ساتوں کتابیں پڑھ چکا ہوں۔'' ابّا نے کہا، ''واہ! بہت اچھّا۔'' ابّا نے خوش ہوکر شاہد کو اور چار کتابیں الماری سے نکال کر دیں۔ شاہد بہت خوش ہوا۔ اب شاہد کے پاس کتنی کتابیں ہوگئیں؟

اب بتاؤ...

۱۔ شاہد کے پاس پہلے کتنی کتابیں تھیں؟ ☐

۲۔ ابّا نے خوش ہوکر شاہد کو کتنی کتابیں دیں؟ ☐

۳۔ شاہد کے پاس کُل کتنی کتابیں ہوگئیں؟ ☐